خداوند یسوع مسیح بہت جلد زمین پر واپس لوٹنے والا ہے۔ یہ وہ وعدہ ہے۔ جو اس نے 2000 برس پہلے کیا جب وہ زمین پر ہی تھا۔(مقدس یوحنا14: 1 تا 3) ہم پورے یقین کے ساتھ کیسے کہہ سکتے ہیں، کہ وہ واقعی آئے گا۔ برائے کرم وہ نبوتیں( پیشنگوئیاں) پڑھیں جن میں یسوع نے بتایا کے آخری دنوں میں کیا وقوع میں آنے والا ہے اِن صحائف کا احتیاط سے مطالعہ اور اس وقت دنیا میں وقوع پذیر ہونے والے حالات سے ان کا موازنہ کرنے سے یہ ثابت ہو جائے گا۔ کہ خداوند یسوع ہماری زندگی میں ہی واقعی لوٹ آئے گا۔

## 1 ہیکل کی تباہی

جب وہ ہیکل سے باہر جارہا تھا تو اس کے شاگردوں میں سے ایک نے اس کے پاس جاکر اُسے ہیکل کی عمارتیں دکھائیں اور کہا کہ، "اُستاد دیکھ کیسے پتھر اور کیسی کیسی عمارتیں ہیں۔" اور یسوع نے ان سے فرمایا،" کے تو ان بڑی بڑی عمارتوں کو دیکھتا ہے میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ وہ دن آئیں گے۔ جب یہاں کسی پتھر پر پتھر باقی نہ رہے گا جو گرایا نہ جائے۔(مقدس متی24:1-2، مقدس متی13:1-2، مقدس لوقا21:5-6)

**یہ 70 بعداز صعود واقعی پوری ہو گئی تھی۔**

## 2 آمد کے نشان

اور جب وہ زیتون کے پہاڑ پر ہیکل کے سامنے بیٹھا تھا تو اس کے شاگرد پطرس اور یعقوب اور یوحنا اور اندریاس نے تنہائی میں اس سے پوچھا ہمیں بتا یہ باتیں کب ہوں گی؟ اور جب یہ سب باتیں پوری ہونے کو ہوں اس وقت کا کیا نشان ہے؟

(متی24:3، مرقس13:3-4، لوقا21:7)

## 3 دھوکہ باز اٹھ کھڑے ہوں گے

یسوع نے ان سے کہا، ”خبردار کوئی تم کو گمراہ نہ کردے کیونکہ بہترے میرے نام سے آئیں گے اور کہیں گے وہ میں ہی ہوں یعنی مسیح یسوع اور یہ بھی کہ وقت نزدیک آپہنچا ہے اور بہت سوں کو گمراہ کریں گے، اس لیے تم ان کے پیچھے نہ جانا۔

(متی24:4-5، مرقس13:5-6، لوقا21:8)

## 4 لڑائیاں اور لڑائیوں کی افواہیں

اور جب لڑائیوں اور فسادوں کی افواہیں سنو تو گھبرا نہ جانا کیونکہ ان کا پہلے واقع ہونا ضرور ہے لیکن اس وقت فوراً خاتمہ نہ ہوگا۔

(متی24:6، مرقس13:7، لوقا21:9)

## 5 نسلی لڑائیاں/ بھونچال/ کال/ مری

پھر اس نے ان سے کہا قوم پر قوم اور سلطنت پر سلطنت چڑھائی کرے گی۔ اور بڑے بڑے بھونچال آئیں گے اور جابجا کال اور مری پڑے گی اور آسمان پر بڑی بڑی دہشتناک باتیں اور نشانیاں ظاہر ہوں گی۔(متی24:7، مرقس13:8، لوقا21:10–11)

## 6 یہ سب باتیں مصیبتوں کا شروع ہی ہوں گی۔

(متی24:8، مرقس13:8)

## 7 مسیحیوں کی ایذا رسانی

لیکن تم خبردار رہو کیونکہ لوگ تمہیں عدالتوں کے حوالہ کریں گے اور تم عبادت خانوں میں پیٹے جاؤ گے اور حاکموں اور بادشاہوں کے سامنے میری خاطر حاضر کئے جاؤ گے اور یہ تمہارا گواہی دینے کا موقع ہوگا۔(متی24:9، مرقس13:9، لوقا21:12-13)

**8** اور جب تمہیں لے جاکر حوالہ کریں تو پہلے سے فکر نہ کرنا کہ ہم کیا کہیں بلکہ جو کچھ اس گھڑی تمہیں بتایا جائے وہی کہنا کیونکہ کہنے والے تم نہیں ہو بلکہ روح القدس ہے ۔کیونکہ میں تمہیں ایسی زبان اور حکمت دوُں کا کہ تمہارے کسی مخالف کو سامنا کرنے یا خلاف کہنے کا مقدور نہ ہوگا۔(مرقس13:11، لوقا21:14-16)

## 9 خاندان میں غداری

بہت سے ناراض ہو جائیں گے اور بھائی کو بھائی اور بیٹے کو باپ قتل خلاف اٹھ کھڑے ہوں گے تاکہ ان کو مروا ڈالیں۔ اور میرے نام کے سبب سے سب لوگ تم سے عداوت رکھیں گے۔ لیکن تمہارے سر کا ایک بال بھی بیکا نہ ہوگا۔ اور اپنے صبر سے تم اپنی جانیں بچائے رکھو گے۔(متی24:9-10، مرقس13:12-13، لوقا21:16-19)

## 10 محبت ٹھنڈی پڑ جائے گی

لیکن بے دینی کے بڑھ جانے سے بہتروں کی محبت ٹھنڈی پڑ جائے گی۔ مگر جو آخر تک برداشت کرے گا وہ نجات پائے گا۔

(متی24:12-13)

**11** اور بادشاہ کی اس خوشخبری کی منادی تمام دنیا میں ہو گی تاکہ سب قوموں کے لئے گواہی ہو۔ تب خاتمہ ہوگا۔(متی24:14، مرقس13:10)

## 12 یروشلم میں

پھر جب تم یروشلم کو فوجوں سے گھرا ہوا دیکھو تو جان لینا کہ اُس کا اُجڑ جانا نزدیک ہے۔ مقدس لوقا21:20 پس تم اجاڑنے والی مکروہ چیز کو جس کا ذکر دانی ایل نبی کی معرفت ہوا ہے۔ مقدس مقام پر کھڑا ہوا دیکھو(پڑھنے والا سمجھ لے۔) تو جو یہودیہ میں ہوں پہاڑوں پر بھاگ جائیں اور جو یروشلم کے اندر ہوں باہر بھاگ جائیں اور جو دیہات میں ہو ں شہر میں نہ جائیں اور جو کوٹھے پر ہو وہ اپنے گھر سے کچھ لینے کو نیچے نہ اترے نہ اندر جائے ۔جو کھیت میں ہو وہ اپنا کپڑا لینے کو پیچھے نہ لوٹے۔(متی24:15-18، مرقس13:14-16، لوقا17:31، 21:21) مگر ان پر افسوس جو ان دنوں میں حاملہ ہوں اور جو دودھ پلاتی ہوں اور دعا کرو کہ تم کو جاڑوں میں یا سبت کے دن بھاگنا نہ پڑے۔(متی24:19-20، مرقس13:17-16 لوقا21:23) اور وہ تلوار کا لقمہ ہو جائیں گے۔ اور اسیر ہو کر سب قوموں میں پہنچائے جائیں گے اور جب تک غیر قوموں کی معیاد پوری نہ ہو، یروشلم غیر قوموں سے پامال ہوتا رہے گا۔(مقدس لوقا21:24)

## 13 یعقوب کی مصیبت کا وقت (مقدس یرمیاہ30:6-7)

کیوں کہ وہ دن ایسی مصیبت کے ہوں گے کہ خلقت کے شروع سے جسے خدا نے خلق کیا ۔نہ اب تک ہوئی ہے نہ کبھی ہو گی نہ زمین پر خدا کا غضب نازل ہوا ہو گا۔ اگر خداوند اُن دنوں کو نہ گھٹاتا تو کوئی بشیر نہ بچتا مگر ان برگزیدوں کی خاطر جن کو اس نے چُنا ہے ان دنوں کو گھٹایا۔(مقدس متی21:21-22) کیونکہ یہ انتقام کے دن ہوں گے جن میں سب باتیں جو لکھی ہیں پوری ہو جائیگی۔(مقدس لوقا21:21-22)

## 14 جھوٹے مسیح اور نبی

اور اس وقت اگر تم سے کوئی کہے کہ دیکھو مسیح یہاں یا دیکھو وہاں ہے تو یقین نہ کرنا۔ کیونکہ جھوٹے مسیح اور جھوٹے نبی اُٹھ کھڑے ہوں گے اور نشان اور عجیب کام دکھائیں گے تاکہ اگر ممکن ہو تو برگزیدوں کو بھی گمراہ کردیں۔ لیکن تم خبردار رہو دیکھو میں نے تم سے سب کچھ پہلے ہی کہہ دیا ہے۔(متی24:23-24، مرقس13:21-23)

پس اگر وہ تم سے کہیں کہ دیکھو وہ بیابان میں ہے تو باہر نہ جانا یا دیکھو وہ کوٹھریوں میں ہے۔ تو یقین نہ کرنا کیونکہ جیسے بجلی کوند کر پچھم تک دکھائی دیتی ہے ویسے ہی ابن آدم کا آنا ہوگا۔

(متی24:26-27، لوقا17:23-24)

## 15 آسمان میں نشانات

اور ان دنوں میں مصیبت کے فوراً بعد نشانات ہونگے، سورج تاریک ہو جائے گا، اور چاند اپنی روشنی نہ دے گا اور آسمان سے ستارے گرنے لگیں گے اور جو قوتیں آسمان میں ہیں وہ ہلائی جائیں گی ۔(متی24:29، مرقس13:24-25، لوقا21:25) اور زمین پر قوموں کو تکلیف ہوگی کیونکہ وہ سمندر اور اس کی لہروں کے شور سے گھبرا جائیں گے۔

اور ڈر کے مارے اور زمین پر آنے والی بلاؤں کی راہ دیکھتے دیکھتے لوگوں کی جان میں جان نہ رہے گی۔(مقدس لوقا21:25–26)

**16** اور اس وقت ابنِ آدم کا نشان آسمان پر دکھائی دے گا اور اس وقت زمین کی سب قومیں چھاتی پیٹیں گی اور ابن آدم کو بڑی قدرت اور جلال کے ساتھ آسمان کے بادلوں پر آتے دیکھیں گی اور وہ نرسنگے کی بڑی آواز کے ساتھ اپنے فرشتوں کو بھیجے گا اور وہ اس کے برگزیدوں کے چاروں طرف سے آسمان کے اس کنارے سے اس کنارے تک جمع کرے گا۔(متی24:30-31، مرقس13:26-27، لوقا21:27)

**17** اور جب یہ باتیں ہونے لگیں تو سیدھے ہو کر سر اوپر اٹھانا اس لیے کہ تمہاری مخلصی نزدیک ہو گی۔(مقدس لوقا21:28)



18 اوراس نے ان سے ایک تمثیل کہی کے انجیر کے درخت اور سب درختوں کو
دیکھو جونہی اس میں کونپلیں نکلتی ہیں تم دیکھ کر آپ ہی جان لیتے ہو کہ اب گرمی
نزدیک ہے۔اسی طرح جب تم ان باتوں کو ہوتے دیکھو تو جان لو کہ خدا کی بادشاہی
نزدیک ہے۔(متی24:32-33،مرقس13:28-29،لوقا21:29-31)
لیکن اس دن یا اس گھڑی کی بابت کوئی نہیں جانتا نہ آسمان کے فرشتے نہ بیٹا مگر
باپ۔(متی24:36،مرقس13:32)

19 جیسا نوح کے دنوں میں ہوا ویسا ہی ابن آدم کے آنے کے وقت ہو گا کیونکہ جس
طرح طوفان سے پہلے کے دنوں میں لوگ کھاتے پیتے اور شادی کرتے تھے اس دن
تک کہ نوح کشتی میں داخل ہوا اور جب تک طوفان آکر اُن سب کو بہا نہ لے گیا ان کو
خبر نہ ہوئی اُسی طرح اِبن آدم کا آنا ہو گا۔(متی24:37-39،لوقا17:26-27)

20 اور جیسا لوطؕ کے دنوں میں ہوا تھا کہ لوگ کھاتے پیتے اور خرید و فروخت کرتے
اور درخت لگاتے اور گھر بناتے تھے لیکن جس دن لوطؕ سدوم سے نکلا اور گندھک نے
آسمان سے برس کر سب کو ہلاک کیا اور ابنِ آدم کے ظاہر ہونے کے دن بھی ایسا ہی
ہو گا.(مقدس لوقا17:28–30)

21 لوطؕ کی بیوی کو یاد رکھو جو کوئی اپنی جان بچانے کی کوشش کرے گا وہ
اُسے کھوئے گا اور جو کوئی اسے کھوئے وہ اُسے زندہ رکھے گا.
(مقدس لوقا17:32-33)

22 میں تم سے کہتا ہوں کہ اس رات دو آدمی ایک چارپائی پر سوتے ہوں گے۔ایک
لے لیا جائے گا دوسرا چھوڑ دیا جائے گا دو عورتیں ایک ساتھ چکی پیستی ہوں گی ایک لے
لی جائے گی دوسری چھوڑ دی جائے گی دو آدمی کھیت میں ہوں گے۔ایک لے لیا جائے گا
دوسرا چھوڑ دیا جائے گا.(متی24:40–41،لوقا17:34-36)انہوں نے جواب
میں اس سے کہا،اے خداوند یہ کہاں ہو گا،اس نے ان سے کہا جہاں مردار ہے وہاں گدھ
بھی جمع ہونگے۔(متی24:28،لوقا17:37)

23 یہ اُس آدمی کا سا حال ہے جو پردیس گیا اور اس نے گھر سے رخصت ہوتے وقت
اپنے نوکروں کو اختیار دیا یعنی ہر ایک کو اس کا کام بتا دیا اور دربان کو حکم دیا کہ جاگتا رہے
پس جاگتے رہو کیونکہ تم نہیں جانتے کہ گھر کا مالک کب آئے گا شام کو یا آدھی رات کو یا
مرغ کے بانگ دیتے وقت صبح کو ایسا نہ ہو کہ اچانک آکر تم کو وہ سوتا پائے۔
(مقدس متی13:34-36)

24 لیکن یہ جان رکھو کہ اگر گھر کے مالک کو معلوم ہوتا کہ چور رات کو کون سے پہر
آئے گا تو جاگتا رہتا اور اپنے گھر میں نقب نہ لگانے دیتا اس لیے تم بھی تیار رہو کیونکہ جس
گھڑی تم کو گمان بھی نہ ہو گا ابن آدم آجائے گا۔(متی24:43-44)

25 پس خبردار رہو ایسا نہ ہو کہ تمہارے دل خمار اور نشہ بازی اور اس زندگی کی فکروں
سے سُست ہو جائیں اور وہ دن تم پر ناگہاں آپڑے۔پس ہر وقت جاگتے اور دعا کرتے رہو
کیونکہ تم وقت کو نہیں جانتے کیونکہ جتنے لوگ تمام روئے زمین پر موجود ہوں گے ان
سب پر وہ پھندے کی طرح آپڑے گا۔(مرقس13:33،لوقا21:34-35)

26 اور جو کچھ میں تم سے کہتا ہوں وہ سب سے کہتا ہوں پس ہر وقت جاگتے اور دعا
کرتے رہو تا کہ تم کو ان سب ہونے والی باتوں سے بچنے اور ابن آدم کے حضور
کھڑے ہونے کا مقدور ہو۔(مقدس لوقا21:36)

27 میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جب تک یہ باتیں نہ ہوں یہ نسل ہرگز تمام نہ ہو گی۔
آسمان اور زمین ٹل جائیں گے لیکن میری باتیں ہرگز نہ ٹلیں گی۔
(متی24:34-35،مرقس13:30-31،لوقا21:32-33)

**اپنے جلالی تخت پر بیٹھا عظیم بادشاہ خداوند یسوع مسیح بڑی قدرت کے ساتھ اپنے پاک فرشتوں اور برگزیدوں کیساتھ جلد واپس آرہا ہے۔**

**خدا سے ڈرو اور اس کی تمجید کرو کیوں کے اس کی عدالت کا وقت آپہنچا ہے اور اسی کی عبادت کرو جس نے آسمان اور زمین اور سمندر اور پانی کے چشمے پیدا کیے۔**

## اب دیر نہ ہو گی

**خدا کی بادشاہی نزدیک آگئی ہے توبہ کرو!**

**.اور اس خوشخبری پر ایمان لاؤ.**

**اپنے خداوند خدا سے ملنے کی تیاری کرو!**

Local Contact Address

WATCH ANGEL.TV
www.angeltv.org



# خدا کی بادشاہی کی خوشخبری

اُردو